22486-اگرکسی کی نمازجنازہ کی تکبریں فوت ہوجائیں تووہ کیا کرے

سوال

جس کی نمازجنازہ کی تکبیریں یاایک تکبیرفوت ہوجائے توکیا وہ اس کی قضا کرے گا ؟

اوروہ نمازجنازہ میں امام کے ساتھ کیسے ملے گا ؟

پسندیدہ جواب

جہاں سے نمازجنازہ پائے وہ امام کے ساتھ مل جائے ، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کافرمان ہے :

"جونمازتم پاؤاسے اداکرلو، اورجوفوت ہوجائے اسے پوراکرلیا کرو"

اورجب امام سلام پھیرے توجوفوت ہوچکا ہواورجنازہ پڑھا ہواوراسے اٹھایا نہ گیا ہوتونمازجنازہ سے جوباقی رہا تھا اسے پوراکرلے ، لیکن اگراسے خدشہ ہوکہ جنازہ اٹھا لیا جائے گا ، توہمارے فقہاء رحمہم اللہ کہتے ہیں :

اسے پوارکرنے یا تکبیرکی متابعت کرتے ہوئے امام کے ساتھ سلام پھیرنے کا اختیارحاصل ہے .